نمبر786-2227-2669/DIR ACD/PRA/2023
پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور
مورخہ 19 مئی 2023

042-99333810

# بجانب: جملہ ڈپٹی کمشنرز در صوبہ پنجاب

## عنوان: شیڈول برائے ٹریننگ نائب تحصیلداران زیر تربیت (تربیت بطور قانونگو)

بحوالہ و تسلسل مراسلہ نمبر786/312-410/Dir Acd-PRA/2022 مورخہ 29 نومبر 2022 بعنوان محولہ بالا:۔

قبل ازیں جاری شدہ ٹریننگ شیڈول کے مطابق زیر تربیت نائب تحصیلداران بمطابق قواعد بطور پٹواری مینول بستہ (لینڈ ریکارڈ) تیار کرنے کے بعد ای بستہ E-Basta اپ لوڈ کرنے کیلئے پنجاب ریونیو اکیڈمی کے پورٹل پر سہولت فراہم کر دی گئی ہے۔ لہذا حسب شیڈول ای بستہ E-Basta کی اپ لوڈنگ اور اس کی تکمیل کو 7 جون 2023 تک یقینی بنائیں۔

مزید یہ کہ 8 جون 2023 سے 7 دسمبر 2023 تک ٹریننگ بطور قانونگو کے حصول کیلئے سلیبس Course Content حسب ذیل ہیں جو ہمراہ فیلڈ قانونگو زیر نگرانی ماسٹر ٹرینرز پنجاب ریونیو اکیڈمی سرانجام پائیں گے:۔

| نمبر شمار | نام دستاویز جس کی پڑتال بطور قانونگو کی جاتی ہے | پڑتال کرنے کی فیصدی | کس کس اندراج کی تصدیق کی جاتی ہے اور اُس کا طریقہ کار | مدت ٹریننگ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مسل معیادی / مسل حقیت رجسٹر حقداران زمین | 100 فیصدی | رجسٹر حقداران زمین (مسل حقیت اور مسل معیادی) میں عملدرآمد انتقالات و فرد بدرات منظور شدہ، شجرہ نصب میں عملدرآمد انتقالات وراثت بیعہ وغیرہ انڈکس نمبران خسرہ میں نمبران خسرہ کے محاذ کھتونی کی اندراجات وانڈکس رویف وار مالکان میں کھیوٹ کے اندراج کی پڑتال، کل دیہہ کی پڑتال مسل معیادی کے ساتھ شامل کیے جانے جملہ نقشہ جات کی پڑتال اور مسل معیادی کے آخر میں نوٹ پڑتال و تصدیق اور آخر میں تتمہ شجرہ کی پڑتال | |
| 2 | گرداوری | 100 فیصدی | گرداوری کی فرد رفتار مرتبہ منجانب پٹواری کو وصول کر کے بعد از تصدیق و پڑتال دفتر قانونگو کو پہنچانا گرداوری کی پڑتال خانہ نمبر 1 تا 4 کا تقابل رجسٹر حقداران زمین زیر کار خانہ نمبر 7 میں | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | برآمد تغیرات کاشت ولگان رجسٹر تغیرات میں تصدیق وپڑتال ومیزان صفحہ وار جنس وار اور آخر میں گوشوارہ جنس وار کی پڑتال | |
| 3 | روزنامچہ جات | 100فیصدی | روزنامچہ واقعاتی، روزنامچہ ہدایتی، روزنامچہ کارگزاری، روزنامچہ فردپڑتال، ان روزنامچہ جات کی پڑتال کرنا اور روزنامچہ فرد پڑتال میں کاغذات کی پڑتال کی متعلق تحریر کرنا اور سابقہ درستگی بدرات کی ہدایت کرنا یا ساتھ ساتھ درستگی کا اطمینان کرنا | |
| 4 | انتقالات/فردبدرات | 100فیصدی | انتقالات/فردبدرات کے اندراجات کا تقابل رجسٹر حقداران زمین سے کرنا اور بعد تصدیق انتقالات پر تحریر کرنا کہ سابق اندراج درست ہے اور فردبدرات مرتب کی گئیں، فردبدر کے اندراج کی تصدیق میں رجسٹر فردبدر کے خانہ نمبر4 میں تصدیقی اندراج کرنا اور درستگی بعد از اطمینان کی سفارش کرنا | |
| 5 | کام پیمائش، مساوی، فیلڈبک | 100فیصدی | مقابلہ حدودی لائن، تیاری مساوی، تیاری فیلڈ بک بطور گرداور بندوبست یا اشتمال اراضی پڑتال کرنا اور بدرات کے متعلق روزنامچہ فردپڑتال میں تحریر کرنا، کام پیمائش ختم ہونے کے بعد تتمہ شجرہ کی تصدیق کرنا اور ابتدائی تصدیق فوت شدہ مالکان موقع پر مالکان کو جلسہ عام میں فوت شدہ مالکان کے ورثاء کے بارے میں دریافت کرنا | |
| 6 | نشاندہی رقبہ بر درخواست متعلقہ موضع کا کوئی کھیوٹ دار | 100فیصدی | قانونگو کسی کھیوٹ دار کی درخواست آمدہ منجانب ریونیو آفیسر پر درخواست دہندہ کے رقبہ کی نشاندہی باہمراہی پٹواری متعلقہ بمطابق ریکارڈ موقع پر نشاندہی کرتا ہے اور برجی ہائے خام لگوا کر رپورٹ جانب ریونیو آفیسر بھیجتا ہے | |
| 7 | اجراء وارنٹ دخل | 100فیصدی | کاروائی وارنٹ دخل کا کام باہمراہی پٹواری کرنا اور اس کاروائی کا اندراج پٹواری کے روزنامچہ واقعاتی میں کروانا اور کارروائی عمل میں لاکر کاروائی کی کاپی دفتر قانونگو کے پاس بھیجنا | |
| 8 | رقبہ سرکار کے متعلق امور | 100فیصدی | رقبہ سرکار پر ناجائز قبضہ واگزار کرانا کاروائی زیر دفعہ 32-34 قانونی ایکٹ 1912 کا عملدرآمد کرانا اور رقبہ سرکار کا ریکارڈ رکھنا کہ سرکار کا کل رقبہ کتنا تھا اور کتنا رقبہ الاٹمنٹ ہو کر عطائے حقوق ملکیت ہو چکے ہیں اور کتنا رقبہ بقایا سرکار ہے | |
| 9 | نقشہ مجملی رکھنا | 100فیصدی | ہر قانونگو اپنے روزنامچہ یا نوٹ بک کے ہمراہ اپنے حلقے کا ایک چھوٹے پیمانے پر ایک میل کو ایک یا دو انچ ظاہر کرنے والا نقشہ مجملی اپنے پاس رکھے گا۔ اس نقشہ میں موضع کا محل وقوع، | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | حدود، بڑی بڑی سڑکیں اور پٹواریوں کے حلقوں کو ظاہر کرتا ہے اور یہ نقشہ مومی کاغذ پر تیار ہوتا ہے | |
| 10 | لال کتاب کے نقشہ جات | 100 فیصدی | لال کتاب موضع کے نقشہ جات جو پٹواریوں کی طرف سے پُر کیے گئے ہوتے ہیں، قانونگو اس کی 100 فیصدی پڑتال کر کے اطمینان کرے گا اور روزنامچہ فرد پڑتال میں اس کے اطمینان کے بارے میں تحریر کریگا | |
| 11 | تقسیم مقدمات | 100 فیصدی | ونڈہ جات تقسیم خانگی جو پٹواری کی طرف سے تجویز کیے جاتے ہیں گرداور قانونگو 100 فیصد پڑتال کریگا۔ بعد از فیصلہ ونڈہ جات منجانب ریونیو آفیسر موقع پر منتقلی قبضہ اپنی موجودگی میں کرانے کے بعد تفصیلی رپورٹ ریونیو آفیسر کو پیش کریگا | |
| 12 | روزنامچہ گرداور قانونگو | 100 فیصدی | ہر گرداور قانونگو اپنے پاس ایک روزنامچہ رکھے گا جس میں وہ اپنے روزمرہ کے کام اور اسکی انجام دہی کا طریقہ کار درج کریگا، ہر روز کے کام کا اندراج دوسرے دن صبح تک ہونا ضروری ہے ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو گرداور قانونگو سابقہ ماہ کے روزنامچہ کی ایک نقل بذریعہ ڈاک تحصیلدار کو بھیجے گا ہر ماہ کے روزنامچہ کے آخر میں گوشوارہ تحریر کریگا | |
| 13 | دفتر قانونگو | 100 فیصدی | دفتر قانونگو تحصیلدار کو مجوزہ فارموں اور تاریخوں پر معیادی گوشوارے بھیجے گئے جن میں زرعی اعداد و شمار اور قانونگویوں اور پٹواریوں کے کام کی مختلف برانچوں کی رفتار ظاہر کی جائے گی دفتر قانونگو کے پاس بارش ناپنے کا پیمانہ ہوتا ہے ہر تحصیل میں ہر تحصیل کا دفتر قانونگو رجسٹر ہائے تحصیل تشخیص حلقہ اور تحصیل کیلئے نوٹ بک ہائے کا محافظ ہوتا ہے اور افسران بالا سے احکامات کا آنا اور اس کو وصول کر کے عملہ ماتحت پٹواریان قانونگو کو تقسیم کرنا دفتر قانونگو کی ذمہ داری ہے | |
| 14 | پیشی قانونگو | 100 فیصدی | اگر کسی قانونگو کی تعیناتی ہمراہ ریونیو آفیسر اسسٹنٹ کمشنر، ڈسٹرکٹ کلکٹر کی صورت میں تمام مثل ہائے کی تکمیل بابت لینڈ ریکارڈ جس میں مثل کے ساتھ منسلکہ انتقالات فرد ہائے ریکارڈ، فرد بدر ہائے، چھانٹ کھاتہ جات، نقل گرداوری، اپیل ہائے برخلاف ونڈہ جات و دیگر عدالتی امور جو لینڈ ریکارڈ سے متعلقہ ہوں کی جانچ پڑتال موازنہ ہمراہ اصل ریکارڈ و تقابل کے بعد روبرو عدالت پیش کرنا اور متعلقہ عدالت کو معاونت فراہم کرنا اور بوقت معائنہ منجانب آفیسر مجاز جس کے ہمراہ بطور پیشی | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | قانونگو کام کرنا بعداز معائنہ پڑتال تفصیلی پڑتال کی تیاری، نوٹ پڑتال مجاز آفیسر کو پیش کرنا تاکہ بعداز دستخط مجاز آفیسر متعلقہ دفتر کو برائے راہنمائی و آمدہ بدرات کی درستگی و راہنمائی کیلئے ارسال ہو سکے | |

مزید یہ کہ یک سالہ ریونیو ٹریننگ کی تکمیل کے بعد امتحان کا انعقاد ہو گا جس کا شیڈول الگ سے جاری کیا جائے گا تاہم امتحان متذکرہ بالا میں جو امیدواران پاس ہونگے اور قانونگوئی کارکردگی سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے وہ ہی فیلڈ پوسٹنگ کے اہل ہونگے۔ ناکام امیدواران کی فیلڈ پوسٹنگ نہیں ہو سکے گی۔ جبکہ دوبارہ ٹریننگ و امتحان پاس کرنا ہو گا۔

پرنسپل

پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور

کاپی برائے اطلاع:۔

1:۔ پی-ایس—او ٹو سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور

2:۔ جملہ کمشنرز در صوبہ پنجاب

3:۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب لینڈ ریکارڈ اتھارٹی لاہور

4:۔ سیکرٹری ریونیو بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور

5:۔ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ پنجاب

6:۔ ڈپٹی سیکرٹری ریونیو بورڈ آف ریونیو پنجاب

7:۔ ایم۔ڈی چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی بہاولپور

8:۔ جملہ ایڈیشنل کمشنرز ریونیو در صوبہ پنجاب

9:۔ جملہ ماسٹر ٹرینرز پنجاب ریونیو اکیڈمی در صوبہ پنجاب

10:۔ جملہ اسسٹنٹ کمشنرز در صوبہ پنجاب

11:۔ جملہ تحصیلداران در صوبہ پنجاب

12:۔ جملہ تحصیلداران (زیر تربیت) در صوبہ پنجاب

13:۔ جملہ نائب تحصیلداران (زیر تربیت) در صوبہ پنجاب

14:۔ آفس فائل

Muhammad

پرنسپل

پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو پنجاب لاہور

CamScanner